Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ
عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا

فون ۴۴۹

جنرل نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

بروز ہفتہ

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

The Daily ALFAZL RABWAH

قیمت فی پرچہ ۱۵ پیسے

جلد ۶۱/۲۶	۱۶ر ذیقعدہ ۱۳۹۲ھ ۲۳ر ماہ فتح ۱۳۵۱ھش ۲۳ر دسمبر ۱۹۷۲ء	نمبر ۲۹۳

اخبار احمدیہ

61

ربوہ ۔ ۲۲ر فتح ۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ:۔

سر درد کی تکلیف ابھی پوری طرح دُور نہیں ہوئی۔

احباب جماعت توجہ اور التزام کے ساتھ دُعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ حضور کو اپنے فضل سے کامل و عاجل صحت عطا فرمائے۔ آمین

ضروری اعلان

ورلڈ احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن کا سالانہ اجلاس امسال انشاء اللہ تعالیٰ جلسہ سالانہ کے موقع پر ۲۷ر دسمبر ۱۹۷۲ء آٹھ بجے شام فضل عمر فاؤنڈیشن کے ہال میں منعقد ہوگا۔ تمام احمدی ڈاکٹر صاحبان و لیڈی ڈاکٹر صاحبان کی خدمت میں گذارش ہے کہ وہ اجلاس میں شمولیت فرمائیں۔

(سیکرٹری ورلڈ احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ

آج چار بجے انتظامات جلسہ کا معائنہ فرمائیں گے

جملہ کارکنان جلسہ سالانہ نوٹ فرمالیں کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز انشاء اللہ تعالیٰ ۲۲ر دسمبر ۱۹۷۲ء کو ۴ بجے جلسہ سالانہ کے انتظامات کا معائنہ فرمائیں گے۔ کارکنان پونے چار بجے شام تک دفتر افسر جلسہ سالانہ میں پہنچ جائیں۔

(افسر جلسہ سالانہ)

عالمگیر زبانوں کا جلسہ

جلسہ سالانہ کے بابرکت موقع پر حسب سابق اس سال بھی مختلف زبانوں کا جلسہ ۲۷ر فتح (دسمبر) بعد نماز مغرب و عشاء ۸ بجے شب مسجد مبارک میں منعقد ہوگا جس میں سیدنا حضرت مسیح و مہدی علیہ السلام کے دُنیا بھر سے آنے والے غلام اپنی اپنی زبانوں میں سیدنا حضرت مسیح الموعود علیہ السلام کی ایک تحریر کا ترجمہ سنائیں گے۔

احباب کثرت سے اس جلسہ میں تشریف لاکر ازدیادِ ایمان کا ایک مزید موقع حاصل کریں۔

(مہتمم تحریک جدید خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

ارشاداتِ عالیہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

بدل و جان یہ پختہ عزم اور عہد کرلیں کہ آپ نے ضرور جلسہ سالانہ میں شامل ہونا ہے

جلسہ میں شامل ہونے کے لئے جو احباب محض للہ تکلیفِ سفر اُٹھائینگے خدا تعالیٰ انہیں جزائے خیر بخشے آمین

"کم مقدرت احباب کے لئے مناسب ہوگا کہ پہلے ہی سے اس جلسے میں حاضر ہونے کا فکر رکھیں اور اگر تدبیر اور قناعت شعاری سے کچھ تھوڑا تھوڑا سرمایہ خرچ سفر کے لئے ہر روز یا ماہ بماہ جمع کرتے جائیں اور الگ رکھتے جائیں تو بلا دِقّت سرمایۂ سفر میسّر آجاوے گا۔ گویا یہ سفر مُفت میسّر ہو جائے گا اور بہتر ہوگا کہ جو صاحب احباب میں سے اس تجویز کو منظور کریں وہ مجھ کو ابھی بذریعہ اپنی تحریر خاص کے اطلاع دیں تاکہ ایک علیحدہ فہرست میں اُن تمام احباب کے نام محفوظ رہیں کہ جو حتی الوسع والطاقت تاریخ مقررہ پر حاضر ہونے کے لئے اپنی آئندہ زندگی کے لئے عہد کرلیں اور بدل و جان پختہ عزم سے حاضر ہو جایا کریں بجز ایسی صُورت کے کہ ایسے مواقع پیش آجائیں جن میں سفر کرنا اپنی حدِ اختیار سے باہر ہو جائے۔ اور اب جو ۲۷ر دسمبر ۱۸۹۱ء کو دینی مشورہ کے لئے جلسہ کیا گیا، اس جلسہ پر جس قدر احباب محض للہ تکلیفِ سفر اُٹھا کر حاضر ہوئے خدا اُن کو جزائے خیر بخشے اور اُن کے ہر یک قدم کا ثواب اُن کو عطا فرماوے۔ آمین ثم آمین"

(آسمانی فیصلہ صفحات ۱ تا ۲)

ارضِ بلال میں احمدی ڈاکٹروں کی مساعی

(۱) مکرم ڈاکٹر محمد حفیظ خاں صاحب انچارج احمدیہ میڈیکل سنٹر سالکین (گیمبیا) نے اپنے نزدیک "جوارا" کے مقام پر ایک عمدہ عمارت ہسپتال کیلئے خریدی ہے جہاں INDOOR مریضوں کا بھی انتظام ہوگا۔ جلد ہی نئی عمارت میں مستقل قیام کے لئے جا رہے ہیں۔

(۲) مکرم ڈاکٹر عبدالرحمان صاحب بھٹہ انچارج احمدیہ میڈیکل سنٹر "اکارے" (نائیجیریا) قریب ہی ایک گاؤں میں بھی علاج کے لئے جاتے ہیں جہاں کے لوگ مسلمان میڈیکل مشنری کو دیکھ کر بیحد خوش ہوئے۔ "اکارے" میں کلینک کی عمارت میں توسیع کرنے کے لئے مقامی احمدی کوشاں ہیں جس میں INDOOR مریضوں کا بھی علاج ہوگا۔

افریقہ میں مقیم تمام احمدی ڈاکٹروں کے لئے احباب خصوصیت کے ساتھ دعاء کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں خدمت کی خاص توفیق دے اور اپنی غیر معمولی تائید و نصرت سے نوازتا رہے۔ آمین

(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں۔ ربوہ)

پبلشر: مسعود احمد ؛ پرنٹر: سید عبدالحی ؛ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ؛ مقام اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی، ربوہ

روزنامہ الفضل ربوہ
مورخہ ۲۳ ماہ فتح ۱۳۳۱ ہش

Digitized by Khilafat Library Rabwah

دُعا اور تدبیر کے تسلسل کا آخری مرحلہ

اسلام نے حصولِ مقصد میں کامیابی کے لئے تدبیر اور دعا دونوں سے کام لینے کی تعلیم دی ہے اور دونوں کو لازم و ملزوم قرار دیا ہے۔ اگر ایک شخص تدبیر تو کرتا ہے پر دُعا سے کام نہیں لیتا وہ غلطی خوردہ ہے کیونکہ ضروری نہیں کہ اس کی تدبیر کارگر ثابت ہو۔ اور اگر بظاہر کارگر ثابت بھی ہو تو ضروری نہیں کہ وہ حقیقی کامیابی پر منتج ہو سکے۔ اسی طرح جو شخص محض دعا سے ہی کام لیتا ہے اور تدبیر کے قریب بھی نہیں جاتا وہ بھی غلطی خوردہ ہے۔ اسے کامیابی کا منہ دیکھنا نصیب نہیں ہو سکتا۔ اسلام نے ایک حقیقی مومن کے لئے بیک وقت تدبیر اور دُعا دونوں سے کام لینا ضروری قرار دیا ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تدبیر اور دُعا کے باہمی تعلق کو بہت ہی لطیف پیرایہ میں بیان فرمایا ہے۔ آپ نے یہ امر ذہن نشین کرایا ہے کہ ایک حقیقی مومن کی تدبیر بھی اپنی ذات میں ایک دُعا ہی کا رنگ لئے ہوتی ہے۔ اور اس کی دُعا بھی اپنی ذات میں ایک تدبیر ہی کا درجہ رکھتی ہے۔ جب وہ تدبیر سے کام لیتا ہے تو وہ تدبیر اُسے دُعا پر اُبھارتی ہے۔ کیونکہ وہ جانتا ہے کہ بغیر دُعا کے تدبیر ادھوری ہے۔ اس لئے وہ تدبیر کے ساتھ ساتھ تدبیر ہی کے ایک لازمی اور ناگزیر جزو کے طور پر دُعا میں بھی مشغول ہوتا ہے اور دعا سے ایک لمحہ کے لئے بھی غافل نہیں ہوتا۔ اس طرح اس کی تدبیر بجائے خود ایک دُعا ہی کا رنگ اختیار کر لیتی ہے۔ بعینہٖ اسی طرح جب ایک مومن حصولِ مقصد میں کامیابی کے لئے دُعا کرتا ہے تو اُس کا دُعا کرنا تدبیر کے لئے ایک محرک بن جاتا ہے۔ نتیجۃً دُعا اور تدبیر اور پھر دعا اور تدبیر کا ایک تسلسل قائم ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ ایک رنگ میں تدبیر اور دُعا کا باہمی فرق درمیان سے اُٹھ جاتا ہے۔ دُعا تدبیر پر منتج ہو کر خود تدبیر ہی کا ایک حصہ بن جاتی ہے۔ اور اسی طرح تدبیر دعا کے لئے محرک ثابت ہو کر خود دُعا کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ چنانچہ حضور علیہ السلام اس حقیقت پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"غرض دُعا اور تدبیر انسانی طبیعت کے دو طبعی تقاضے ہیں کہ جو قدیم سے اور جب سے کہ انسان پیدا ہوا ہے دو حقیقی بھائیوں کی طرح انسانی فطرت کے خادم چلے آئے ہیں۔ اور تدبیر دُعا کے لئے بطور نتیجہ ضروریہ کے اور دُعا تدبیر کے لئے بطور محرک اور جاذب کے ہے۔ اور انسان کی سعادت اسی میں ہے کہ وہ تدبیر کرنے سے پہلے دعا کے ساتھ مبدءِ فیض سے مدد طلب کرے تا اس چشمۂ لازوال سے روشنی پا کر عمدہ تدبیریں میسر آ سکیں۔"

(ایام الصلح صـ۳)

پس دُعا اور تدبیر اور پھر دُعا اور تدبیر کا تسلسل چلتا چلا جاتا ہے یہاں تک کہ ایک مومن کو حصولِ مقصد میں کامیابی نصیب ہو جاتی ہے۔ اس تسلسل میں بالآخر ایک مرحلہ ایسا آتا ہے کہ جب تدبیر کا ظاہری سلسلہ ختم ہو کر صرف دعا ہی دعا رہ جاتی ہے۔ اس لئے کہ انسان تدبیر اپنی استعداد کے مطابق ایک حد تک ہی کر سکتا ہے۔ جب وہ حد آ جاتی ہے تو پھر آخری چارۂ کار دُعا ہی ہوتی ہے۔ دعا اور تدبیر کے تسلسل میں حسبِ استعداد تدبیر کی آخری حد پر جو دعا کی جائے وہ خدا تعالیٰ کے ہاں ضرور مقبول ٹھہرتی ہے اور انسان کو فائز المرام کر دیتی ہے۔

اب جبکہ ہمارے مقدس و بابرکت للّٰہی جلسہ سالانہ کے شروع ہونے میں صرف دو تین روز ہی رہ گئے ہیں تو جلسہ میں شمولیت کی تحریک اور اس سے کماحقہٗ فائدہ اُٹھانے کے متعلق ہماری دُعاؤں اور تدبیروں کے تسلسل میں اب وہ مرحلہ آ گیا ہے کہ جب آخری تدبیر کے طور پر دعا ہی کا سہارا باقی رہ گیا ہے۔ ہمارا فرض یہ ہے کہ ان دو دنوں میں ہم دعاؤں پر زیادہ سے زیادہ زور دیں تا ہمارا قادر و توانا خدا ہماری ان عاجزانہ اور متضرعانہ دعاؤں کو قبول فرماتے ہوئے خود لوگوں کے دلوں میں تحریک کرے کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں جلسہ پر آئیں اور پھر اس سے کماحقہٗ فائدہ اُٹھا کر اس کی عظیم الشان برکات سے مالا مال ہوں۔ ۱۹۵۷ء کے جلسہ سالانہ سے چند روز قبل سیدنا حضرت المصلح الموعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ایک خطبۂ جمعہ کے آخر میں اسی رنگ میں اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی تھی۔ چنانچہ ہم حضورؓ کی اس دُعا پر ہی اپنی معروضات کو ختم کرتے ہیں:۔

"اے خدا! اب ہماری تدبیر کا وقت گزر گیا۔ اب تو ہی لوگوں کو تحریک کر کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں جلسہ پر آئیں اور پھر یہاں آ کر جلسہ سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھائیں۔ انہیں جلسہ سے اتنا فائدہ پہنچے کہ وہ معمولی انسان جو یہاں آئیں فرشتے بن کر واپس جائیں۔ اور تیری رحمتیں اور برکتیں اُن پر بھی ہوں جو یہاں آئیں اور اُن پر بھی ہوں جن کا یہاں آنے کا ارادہ تو ہو لیکن وہ کسی وجہ سے نہ آ سکیں۔ پھر تیری رحمتیں اور برکتیں اُن پر بھی ہوں جو یہاں رہتے ہیں۔ سب رحمتیں اور برکتیں تیرے ہی اختیار میں ہیں۔ ہم تو محتاج ہیں لیکن ہماری احتیاج کو پورا کرنے کی تجھ میں ہی قدرت ہے۔ تو ہماری احتیاج کو پورا فرما اور ہمیں اپنی برکات سے مالا مال کر۔"

(الفضل ۲۴ دسمبر ۱۹۵۷ء)

آمین اللّٰھم آمین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

وقفِ جدید کا سالِ رواں

۳۱ دسمبر (۳۱ فتح) کو ختم ہو رہا ہے!

(محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب ناظم مال وقفِ جدید):۔

وقفِ جدید کا سالِ رواں ختم ہونے میں اب صرف چند یوم باقی رہ گئے ہیں اس لئے

(۱) متعلقہ عہدیداران اور احبابِ جماعت کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ اپنا اور اپنی جماعت کا فوری طور پر جائزہ لیں۔ اگر خدانخواستہ کوئی رقم ابھی باقی ہو تو براہ مہربانی اس طرف توجہ فرما کر اور بقیہ رقم وصول کر کے جلسہ سالانہ کے موقع پر داخلِ خزانہ فرما دیں۔ جزاھم اللہ احسن الجزاء۔

(۲) اطفال اور ناصرات اور اُن کے عہدیداران بھی اس طرف خصوصی توجہ فرما دیں۔ کیونکہ اُن کے چندہ کی وصولی میں ابھی معتد بہ کمی ہے۔ ناصرات میں ایک ربوہ کی مجلس ہے جو ماشاء اللہ نمونہ کی کہلا سکتی ہے۔ باقی اکثر مجالس معیار سے پیچھے ہیں۔

(۳) جماعت کے جن مخیر اور ذی ثروت احباب کی خدمت میں چٹھیوں کے ذریعہ وقفِ جدید کیلئے خصوصی قربانی کی تحریک کی گئی ہے، انکی خدمت میں بھی درخواست ہے کہ اس طرف فوری توجہ فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔ جزاھم اللہ احسن الجزاء۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

69

جلسہ سالانہ کے عظیم الشان اغراض و مقاصد

حضرت مہدی موعود علیہ السلام کے روح پرور کلام کی روشنی میں

بہار آئی ہے اس وقت خزاں میں ؎ لگے ہیں پھول میرے بوستاں میں

مکرم مولوی دوست محمد صاحب شاہد

الحمد للہ ایک سال کے بعد مرکز احمدیت میں پھر اسلام کے پروانے جمع ہو رہے ہیں اور خزاں رسیدہ چمن میں موسم بہار کا آغاز ہو چکا ہے اللہ جل شانہ ملت اسلامیہ کے اس بابرکت اور پرکیف اور پرانوار اور مثالی اجتماع کو ہر اعتبار سے سامان عالم کے لئے عموماً اور فرزندان احمدیت کے لئے خصوصاً بہت مبارک کرے آمین

حضرت مہدی موعود علیہ السلام نے ۱۸۹۳ء میں جلسہ سالانہ کی عظیم الشان اغراض پر روشنی ڈالتے ہوئے تحریر فرمایا کہ

"ہماری جماعت کے لوگ کسی طرح بار بار کی ملاقاتوں سے ایک ایسی تبدیلی اپنے اندر حاصل کر لیں کہ ان کے دل آخرت کی طرف بکلی جھک جائیں اور ان کے اندر خدا تعالیٰ کا خوف پیدا ہو اور وہ زہد و تقویٰ اور خدا ترسی اور پرہیزگاری اور نرم دلی اور باہم محبت اور مواخات میں دوسروں کے لئے ایک نمونہ بن جائیں اور انکسار اور تواضع اور راستبازی ان میں پیدا ہو اور دینی مہمات کے لئے سرگرمی اختیار کریں"

(شہادت القرآن صفحہ ۹۸ طبع اول)

ان کلمات قدسیہ میں جن کے الفاظ تھوڑے اور معانی بہت ہیں جماعت احمدیہ کے مرکزی جلسہ کے مندرجہ ذیل چودہ مقاصد بیان کئے گئے ہیں۔

(۱) ملاقات (۲) فکر معاد (۳) خوف خدا (۴) زہد (۵) تقویٰ (۶) خدا ترسی (۷) پرہیزگاری (۸) نرم دلی (۹) باہم محبت (۱۰) مواخات (۱۱) انکسار (۱۲) تواضع (۱۳) راستبازی (۱۴) دینی مہمات میں سرگرمی۔ ان مقاصد عالیہ کی تشریح و توضیح کلام مہدی معہود سے پیش کی جاتی ہے

ع اس ڈھب سے کوئی سمجھے بس مدعا یہی ہے

ملاقات

؎ احباب سارے آئے تو نے یہ دن دکھائے
تیرے کرم نے پیارے یہ مہربان بلائے
یہ دن چڑھا مبارک مقصود جس میں پائے
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

فکر معاد

؎ اے دوستو پیارو حقیقی کو مت بھلاؤ
کچھ زاد راہ لے لو کچھ کام میں گذارو
دنیا ہے جائے فانی دل سے اسے اتارو
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

خوف خدا

؎ جو کچھ ہمیں ہے راحت سب کی جو دولت
اس سے ہے دل کی جنت دل میں ہے اس کی عظمت
بہتر ہے اس کی طاعت اطاعت میں ہے سعادت
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

زہد

تلخی کی زندگی کو کر دو سخی سے قبول
تا تم پہ ہو ملائکہ عرش کا نزول
اسلام چیز کیا ہے خدا کے لئے فنا
ترک رضائے خویش ہے مرضی خدا

تقویٰ

ہر اک نیکی کی جڑ یہ اتقاء ہے
اگر یہ جڑ رہی سب کچھ رہا ہے
یہی اک تخم ایمان اولیا ہے
اگر یہ جڑ رہی سب کچھ رہا ہے

خدا ترسی

جب تک خدائے زندہ کی تم کو خبر نہیں
بے قند اور دلیر ہو کچھ دل میں ڈر نہیں
مولا کی دوا ہی وصل الٰہی ہے
اس قید میں ہر ایک گناہ سے رہائی ہے

پرہیزگاری

کوئی اس پاک سے جو دل لگاوے
کرے پاک آپ کو تب اس کو پاوے
جو مرتا ہے وہی زندوں میں جاوے
جو ملتا ہے وہی مروے چلاوے

نرم دلی

اے مرے پیارو شکیب و صبر کی عادت کرو
وہ اگر چھیڑیں تمہیں بدلو تم بنو مشک تتار
نفس کو مارو کہ اس جیسا کوئی دشمن نہیں
چپکے چپکے کرتا ہے پیدا وہ سامان دمار
جس نے نفس دوں کو بہت کر کے زیر کیا
چیز کیا ہیں اس کے آگے رستم و اکبر وہ

محبت

دیکھو لو میل و محبت میں عجب تاثیر ہے
ایک دل کرتا ہے جھک کر دوسرے دل کو شکار
کوئی راہ نزدیک تر راہ محبت سے نہیں
طے کریں اس راہ سے سالک ہزاروں دشت و خار
تیر تاثیر محبت کا خطا جاتا نہیں
تیر انداز و! نہ ہو ناکس سے ہیں زینہار

مواخات

خیر خواہی میں جہاں کی خون کیا ہم نے جگر
جنگ میں بھی صلح کی نیت سے اور کیں سے فرار

انکسار

شوخی و کبر دیو لعیں کا شعار ہے
آدم کی نسل وہ ہے جو وہ خاک سار ہے
اے کرم خاک چھوڑ دے کبر و غرور کو
زیبا ہے کبر حضرت رب غیور کو

تواضع

بر نہ بنو ہر ایک سے اپنے خیال میں
شاید اسی سے دخل ہو دار الوصال میں
چھوڑو غرور و کبر کہ تقویٰ اسی میں ہے
ہو جاؤ خاک مرضیٔ مولیٰ اسی میں ہے
جو خاک میں ملے اسے ملتا ہے آشنا
اے آزمانے والو یہ نسخہ بھی آزما

راستبازی

چاہیئے نفرت بدی سے اور نیکی سے پیار
ایک دن جانا ہے تجھ کو بھی خدا کے سامنے
راستی کے سامنے کب جھوٹ پھلتا ہے بھلا
قدر کیا پتھر کی لعل بے بہا کے سامنے

دینی مہمات میں سرگرمی

مجھ کو دے اک فوق عادت اے خدا جوش و تپش
جس سے ہو جاؤں میں غم میں دیں کے اک یوسف دوار
وہ لگا دے آگ میرے دل میں ملت کیلئے
شعلے پہنچیں جس کے ہر دم آسمان تک بیشمار

حضرت مہدی معہود کی دعا

۱۸۹۳ء کی مندرجہ بالا مقدس تحریر کے آخر میں حضور علیہ السلام نے حضرت احدیت کے حضور اپنی جماعت کے لئے بڑے پیارے الفاظ میں ایک نہایت جامع دعا بھی کی ہے فرماتے ہیں:-

"دعا کرتا ہوں اور جب تک مجھ میں دم زندگی ہے کئے جاؤں گا اور دعا یہی ہے کہ خدا تعالیٰ میری اس جماعت کے دلوں کو پاک کرے اور اپنی رحمت کا ہاتھ لمبا کر کے اُن کا دل اپنی طرف پھیر دے اور تمام شرارتیں اور کینے دلوں سے اٹھا دے اور باہمی سچی محبت عطا کر دے اور میں یقین رکھتا ہوں کہ یہ دعا کسی وقت قبول ہوگی اور خدا میری دعاؤں کو ضائع نہیں کرے گا۔"

خدا کرے اس سالانہ جلسہ میں شرکت کی سعادت حاصل کرنے والا ہر احمدی اس مقدس اجتماع کی اغراض و مقاصد کو پورا کر کے حضرت مہدی موعود کی دعاؤں کے بھاری خزانے کا وارث بن جائے کہ اس دولت کے مقابل بادشاہت ہفت اقلیم بھی ہیچ ہے۔

وما توفیقنا الا باللہ العلی العظیم۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جلسہ سالانہ کے کارکنان سے گذارش

محترم سید داؤد احمد صاحب افسر جلسہ سالانہ

نقشہ فرائض کارکنان چھپ کر شائع ہو گیا ہے۔ اگر کسی دوست کا نام رہ گیا ہو تو وہ فوری طور پر ناظم معاونین مکرم پروفیسر حبیب اللہ خان صاحب سے مل کر اپنے فرائض معلوم کر لیں۔ تعلیمی اداروں کے اساتذہ، طلباء اور دفاتر کے کارکنان سے گذارش ہے کہ وہ اس کے مطابق اپنے فرائض ادا کریں۔ اس ضمن میں درج ذیل گزارشات زیر نظر رہنی چاہئیں۔

(۱)

انشاء اللہ العزیز مرکزی دفاتر ۲۲ دسمبر سے کھل جائیں گے باقی سب کارکنان ۲۰ دسمبر کو اپنے مقررہ مقام پر حاضر ہو جاویں۔

(۲)

یہ جلسہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خاص روحانی اغراض کے تحت جاری کیا تھا! اس میں شامل ہونے والے دوست ربوہ کے ساکنین کے لئے بڑی برکت کا باعث ہیں۔ ان کی خدمت کرنا کوئی معمولی بات نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت کو جذب کرنے کا موجب اور بڑے ثواب کا کام ہے۔ لیکن یہ بات خوب یاد رکھیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق کسی نیک کام کا کوئی ثواب نہیں جب تک نیت درست اور خالص نہ ہو اس لئے کام شروع کرنے سے پہلے اپنے دل میں یہ نیت کریں کہ یہ خدمت ہم محض اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کے وجہ کریم کی خاطر کر رہے ہیں۔ تاکہ یہ خدمت ثواب کے حصول کا موجب ہو سکے اگر کام کرنے کی وجہ گرفت سے بچنا یا اپنی انتظامی قابلیت کا مظاہرہ کرنا اور کوئی دنیوی غرض ہو گی تو اس کا کوئی ثواب نہیں اور ان کی سعی مشکور نہیں ہو گی۔

(۳)

جلسہ کا کام ۲۲ دسمبر سے یکم جنوری تک جاری رہتا ہے اور تمام کارکنان اصولاً چوبیس گھنٹے حاضر رہنے چاہئیں اگر ذاتی ضرورت کے لئے رخصت کی حاجت ہو تو اپنے افسر صیغہ سے اجازت لے کر جاویں یا ان سے پہلے ہی طے کر لیں کہ فلاں وقت سے فلاں وقت مجھے رخصت کی ضرورت ہو گی۔ نیز جگہ بتا کر جاویں تاکہ فوری ضرورت پر بلایا جا سکے۔

(۴)

ہمارا اصل کام جو ہر کارکن کے ذہن میں ہر وقت مستحضر رہنا چاہیئے وہ اکرام ضیف ہے۔ صرف کھانا کھلا کر فارغ کر دینا نہیں بلکہ عزت سے محبت سے مہمان کو ٹھہرانا اس کی ہر قسم کی دیکھ بھال کرنا اس کی ضروریات پوری کرنا اسے حسب ضرورت طبی امداد پہنچانا وغیرہ ہے۔ دراصل ہمارے تمام انتظامات اور شعبے اور بھاگ دوڑ بیکار ہے اگر ایک ایک مہمان کی خدمت کا حق ادا نہیں ہوتا اسلئے شعبہ مہمان نوازی پر بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ بعض دفعہ شکایات پیدا ہو جاتی ہیں۔ کہ قیام گاہوں میں کوئی معاون تک حاضر نہیں حالانکہ باقاعدہ وقت مقرر کر کے ایک ذمہ دار مہمان نواز مع اپنے معاونین کے ہر وقت موجود رہنے چاہئیں۔ تاکہ دوست تسلی سے جلسہ سن سکیں اور کسی ذرہ ضرورت پر انہیں امداد دی جا سکے۔

(۵)

کبھی کبھی اجتماعی قیامگاہوں سے یہ شکایت موصول ہوتی رہی ہے کہ جو کھانا وہاں کے مہمانوں کے لئے بھجوایا گیا اس میں سے کچھ کھانا بعض معاونین نے گھروں میں ٹھہرے ہوئے مہمانوں کے لئے بھجوا دیا۔ یہ ہرگز درست نہیں۔ گھروں میں ٹھہرے ہوئے مہمانوں کے لئے پرچی لے کر لنگر سے کھانا لینے کا جو انتظام ہے اس کے مطابق انہیں کھانا لینا چاہیئے مقررہ انتظام کو توڑ کر اجتماعی قیامگاہوں سے گھروں کو کھانا لے جانا ہرگز ایسے گھروں کے لئے برکت کا باعث نہیں ہو سکتا۔

(۶)

اسی طرح بعض لنگر کے کارکنوں کے متعلق شکایت پیدا ہو جاتی ہے کہ قطار کو چھوڑ کر اپنے دوستوں کو کھانا دے دیتے ہیں یا بغیر پرچی کے کھانا دے دیتے ہیں۔ یہ چیز بھی درست نہیں۔ گھر والوں کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے تعداد یقینی فارم پر اپنے مقررہ مصدق سے دستخط کروائیں اور اس پر لنگر خانہ سے پرچی حاصل کر کے کھانا لے لیں۔ اس انتظام کو توڑ کر بغیر پرچی کے کھانا لینے کی کوشش کرنا یا لنگر خانہ کے اندر کسی نہ کسی طرح داخل ہو کر اندر سے کھانا لینے کی کوشش کرنا یا لڑ جھگڑ کر اپنی باری سے پہلے کھانا لینے کی کوشش کرنا ہماری جماعت کے معیار دیانت اور وقار کے خلاف ہے۔ امید ہے ناظمین لنگر اس دفعہ خاص توجہ کریں گے ایسے واقعات اور حالات یقیناً پیدا ہو جاتے ہیں جب کہ بعض لوگوں کو جلدی کھانا حاصل کرنے کی ضرورت پیش آ جاتی ہے ایسی باتوں کے لئے ناظم متعلقہ سے مل کر وضاحت کر دینی چاہیئے وہ انشاء اللہ پوری ہمدردی سے فوری ضرورت پر انتظام کرنے کا ذمہ دار ہے۔

(۷)

جلسہ کا انتظام اتنا وسیع اور ہنگامی ہوتا ہے کہ اگر ہر کارکن ہر وقت اپنا کام خواہ وہ کتنا ہی معمولی کیوں نہ ہو نہ کرے تو سخت گڑبڑ پیدا ہو جاتی ہے۔ مثال کے طور پر ایک مرتبہ ایک قیام گاہ پر کھانا لے جانے والے کارکن بھی حاضر تھے لنگر میں کھانا بھی تیار تھا کھانا اٹھا کر لے جانے والے کارکن بھی حاضر تھے، لیکن

سپرچ

کاٹنے والے دوست صبح بروقت نہ پہنچ سکے گویا صرف ایک دوست کی ذرا سی غفلت اور سستی سے ایک پوری قیام گاہ کو کھانا دیر سے ملا جہاں سینکڑوں مہمان کھانے کے انتظار میں بیٹھے تھے۔ وہاں کئی ایسے بھی تھے جنہوں نے جلسہ گاہ جانے سے قبل اپنے عزیزوں سے ملنا تھا کسی نے ہسپتال سے دوائی لینی تھی کسی نے کوئی اور ضروری کام کرنا تھا۔ کسی نے بازار سے خرید و فروخت کرنی تھی جن کو کوئی ایسا کام نہ تھا وہ محض انتظار کی وجہ سے مضطرب تھے اور چشم براہ تھے کہ اب کھانا آیا اب آیا۔ ذرا غور فرمائیں کہ ایک کارکن کی معمولی سی غلطی کتنے نقصان اور تکلیف کا باعث ہوئی اسلئے میری درخواست ہے کہ ہر کارکن کو اپنے فرائض کا حصہ بروقت ادا کرنا چاہیئے۔ تاکہ سارے کام خوش اسلوبی سے چلتے رہیں

(۸)

میں تمام کارکنوں سے یہ بھی درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنے ذہن میں یہ کیفیت رکھیں کہ گویا ہم اللہ تعالیٰ کے "نالائق مزدور" ہیں اور ہماری حقیقت ہے بھی یہی! ایک نالائق آدمی جو واقعی اپنے آپ کو نالائق سمجھتا ہو اور اسے ڈر ہو کہ میرا آقا میرا مالک میری نالائقی کی وجہ سے مجھے ملازمت سے علیحدہ کر دے گا تو وہ جان توڑ کر محنت کرتا ہے اور ہر وقت حاضر رہتا ہے اور مالک کے حکم کے اشاروں پر چلنے کی کوشش کرتا ہے اور اس کا دل ہر وقت خوف زدہ رہتا ہے کہ کہیں کوئی غلطی نہ سرزد ہو جائے اور وہ اس خلا کو محنت اور توجہ اور ہمدردی اور وفاداری سے پُر کرنا چاہتا ہے اگر ہم بھی اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے نالائق مزدور سمجھتے ہیں تو ہماری بھی یہی کیفیت ہونی چاہیئے کیونکہ ہماری خدمت کا اصل مقصد تو اس کی رضا ہے نہ کچھ اور

(۹)

تدبیر کرنا ہمارا فرض ہے۔ نتیجہ نکالنا اللہ تعالیٰ کا کام ہے۔ اسلئے سب کارکنوں کو دعا کرنی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ اس کی اور دوسرے سب کارکنوں کی محنت اور کوشش میں برکت ڈالے کیونکہ اس کے بغیر کوئی کام نہیں ہو سکتا۔

درخواست ہائے دعا

۱۔ خاکسار کے والد محترم مرزا احمد دین صاحب پریذیڈنٹ جماعت احمدیہ چک نمبر ۱۲ ایم بی بازو میں اونٹ پر سے گرنے کی وجہ سے سخت چوٹ آئی ہے تکلیف میں کافی افاقہ ہے تاہم احباب سے درخواست ہے کہ وہ ان کی کامل شفایابی کے لئے دعا فرمائیں۔ (مرزا محمد الدین ناظر ساکن چک ۱۲ ایم بی)

۲۔ خاکسار کی والدہ اہلیہ الحاج اللہ بخش صاحب گارڈ خان پور عرصہ سے بیمار ہیں۔ آجکل کمزوری بہت بڑھ گئی ہے اور دل کی تکلیف ہو جاتی ہے احباب کرام سے شفائے کاملہ کے لئے دردمندانہ دعا کی درخواست ہے۔

عطاء اللہ ہر نزیو تھریپیٹ خان پور

۳۔ میرا بڑا بھائی وسیم احمد طاہر باجوہ گوجرہ میں ڈاکٹر رحمت اللہ کے ہسپتال میں زیر علاج ہے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اسے جلد از جلد صحتیاب کرے۔ آمین (آفاق احمد باجوہ چک ۲۱۲ کھتوالی)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

63

حضرت مسیح پاک علیہ السلام کی خدمت میں

خوش آمدید

اھلاً وسھلاً ومرحباً

ہم جلسہ سالانہ پر کیوں جا رہے ہیں!

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کی روشنی میں

ہم جلسہ سالانہ پر اس لئے جا رہے ہیں تاکہ :-

"ایسے حقائق و معارف سنیں جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں"۔

ہم جلسہ پر اس لئے جا رہے ہیں کہ :- طلب علم اور مشورہ امداد اسلام اور ملاقات اخوان کے مواقع مہیا ہوں۔

ہم جلسہ پر اس لئے جا رہے ہیں کہ :-

تمام دوستوں کے لئے خاص دعائیں اور خاص توجہ اور حتی الوسع بدرگاہ ارحم الراحمین کوشش کی جائے کہ خدا تعالیٰ اپنی طرف ان کو کھینچے اور اپنے لئے قبول کرے اور پاک تبدیلی ان میں بخشے

ہم جلسہ پر اس لئے جا رہے ہیں کہ :- جو بھائی اس عرصہ میں اس سرائے فانی سے انتقال کر گئے ہوں اس کے لئے دعائے مغفرت کی جائے۔

ہم جلسہ پر اس لئے جا رہے ہیں کہ :-

ہم میں سے ہر ایک کو باطور خاص دینی فائدہ اٹھانے کا موقع ملے اور ہماری معلومات دینی وسیع اور معرفت ترقی پذیر ہو۔

ہم جلسہ پر اس لئے جا رہے ہیں کہ :-

جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں گزشتہ سال داخل ہوئے ہیں پہلے ان کا مونہہ دیکھ لیں اور روشناس ہو کر آپس میں رشتہ متودد و تعارف ترقی پذیر ہو۔

ہم جلسہ پر اس لئے جا رہے ہیں کہ :-

تا دنیا کی محبت ٹھنڈی ہو اور اپنے مولا کریم اور رسول پاک صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت دل پر غالب آ جائے اور ایسی حالت انقطاع پیدا ہو جائے جس سے سفر آخرت کمدہ معلوم نہ ہو۔

ہم جلسہ پر اس لئے جا رہے ہیں کہ :-

تمام بھائیوں کو روحانی طور پر ایک کرنے کے لئے اور خشکی اور اجنبیت اور نفاق کو درمیان سے اٹھا دینے کے لئے بدرگاہ حضرت عزت جلشانہ کوشش کی جائے۔

اس لئے ہمیں چاہیئے کہ :-

اس جلسہ کو معمولی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمۂ اسلام پر بنیاد ہے اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں تیار کی گئی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی۔ کیونکہ یہ اس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔ (اشتہار دسمبر ۱۸۹۳ء)

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْنَ وَرَبَّ الْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَمَا اَقْلَلْنَ وَرَبَّ الشَّیٰطِیْنِ وَمَا اَضْلَلْنَ وَمَا اَھْلَکْنَا وَرَبَّ الرِّیَاحِ وَمَا ذَرَیْنَ اِنَّا نَسْئَلُکَ خَیْرَ ھٰذِہِ الْقَرْیَۃِ وَخَیْرَ اَھْلِھَا وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ ھٰذِہِ الْقَرْیَۃِ وَشَرِّ اَھْلِھَا وَشَرِّ مَا فِیْھَا اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْھَا اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا فِیْھَا اَللّٰھُمَّ حَبِّبْنَا اِلٰی اَھْلِھَا وَحَبِّبْ صَالِحِیْ اَھْلِھَا اِلَیْنَا۔

پس چاہیئے کہ آپ جلسہ کی اصل غرض و غایت کو مدنظر رکھیں اور اس مبارک اجتماع کی برکات سے فائدہ اٹھائیں خشوع و خضوع سے دعا کرتے ہوئے ربوہ میں داخل ہوں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق مندرجہ بالا دعا خصوصیت سے پڑھیں علاوہ ازیں مندرجہ ذیل ہدایات کی پابندی کریں تاکہ آپ کو کوئی تکلیف نہ ہو۔

۱۔ سفر کرنے سے پہلے ٹکٹ لینا نہ بھولیں۔

۲۔ اپنے سفر و قیام میں یہ امر مدنظر رکھیں کہ آپ نے جماعت احمدیہ کے شایان شان نظم و ضبط دکھانا ہے ہر مقام پر اور ہر جگہ اعلیٰ نظم و ضبط کے مظاہرہ کی آپ سے توقع کی جاتی ہے۔

۳۔ چلتی گاڑی سے اترنے کی ہرگز کوشش نہ کریں بلکہ جب گاڑی پلیٹ فارم پر رک جائے تب اتریں اور سامان کو تیزی مگر احتیاط سے اتاریں۔ ربوہ کے سٹیشن پر اترتے وقت اپنے سامان کا تفصیلی جائزہ لیں۔

۴۔ افسران محکمہ ریلوے کے تعاون سے یہ انتظام کیا گیا ہے کہ گاڑی اس وقت تک نہیں چلے گی جب تک آپ کا پورا سامان نہیں اتر جاتا اگر کسی خاص ضرورت کے ماتحت گاڑی ٹھہرانا مقصود ہو تو زنجیر کھینچنے کی بجائے بیٹ یا نظامت استقبال کے کسی رکن جس کے کندھے پر شعبہ استقبال کا بیج ہو کہہ دیں۔

۵۔ قلی سے سامان اٹھاتے ہوئے اس کا نمبر ضرور نوٹ کر لیں۔

۶۔ ہر قلی کے پاس شعبہ استقبال کی طرف سے شائع کردہ اجرت نامہ موجود ہوگا اس کو دیکھ کر اجرت دیں مقررہ اجرت سے زیادہ ہرگز نہ دیں بلکہ اگر کوئی قلی زیادہ مطالبہ کرے تو اس کا نمبر شعبہ استقبال کو نوٹ کروا دیں۔

۷۔ اسٹیشن چھوڑنے سے قبل گیٹ پر ٹکٹ ضرور دے کر جائیں اسٹیشن کے حدود کے اندر کسی کو ٹکٹ نہ دیں۔

۸۔ گمشدہ اشیاء کو معلوم کرنے یا گری پڑی چیز کو پہنچانے کے لئے دفتر معلومات واقع دارالافتاء کی طرف رجوع کریں

۹۔ قیمتی سامان کی اور نقدی وغیرہ کی پوری نگہداشت رکھیں۔ چوروں اور جیب تراشوں سے خاص طور پر ہوشیار رہیں

۱۰۔ بچوں کی پوری نگرانی رکھیں اور ادھر ادھر اکیلے پھرنے نہ دیں بہتر ہوگا کہ چھوٹے بچوں کی جیب میں ایک شناختی کارڈ پر نام و ولدیت اور پتہ لکھ کر ڈال دیں تاکہ گمشدگی کی صورت میں وہ حقیقی تک پہنچانے میں سہولت رہے اگر کوئی بچہ گم ہو جائے تو فوری طور پر اسکی اطلاع معہ کوائف دفتر معلومات میں پہنچا دیں تاکہ وہ اعلان کروا سکیں

۱۱۔ مسجد مبارک میں تہجد کی نماز باجماعت ہوتی ہے اس میں شامل ہونے اور درس سننے کی کوشش کریں۔

۱۲۔ دوران سفر میں جو شکایات پیدا ہوں وہ جلد از جلد شعبہ استقبال تک پہنچا دیں تاکہ ان کا ازالہ کیا جا سکے۔

۱۳۔ گاڑی یا بس کے سفر کے دوران گم شدہ سامان کی اطلاع ناظم استقبال کو دیں تاکہ تلاش کی کوشش کی جائے۔

۱۴۔ واپسی پر بھی سارا سفر دعا میں گزاریں۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کا حافظ و ناصر ہو۔ آمین

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ربوہ کے مشہور تحفے

ہاضمون رجسٹرڈ بیخیر معدہ اور پیٹ کی جملہ امراض کا کامیاب علاج

سرمہ مسیحائی امراض چشم کے لئے ربوہ کا بہترین سرمہ

خارش ٹوڑ مرہم

خارش و صدر چنبل اگزیما، جلدی امراض کا کامیاب علاج

تیار کردہ نصرت کیمیکل ورکس بالمقابل لیوا محمود ربوہ

قادیان کا قدیمی مشہور و عالم بینظیر تحفہ

سرمہ نور رجسٹرڈ

جملہ امراض چشم کے لئے اکسیر ثابت ہو چکا ہے۔

سرمہ نور والوں کا نورانی کاجل

آنکھوں کی خوبصورتی اور صفائی کے لئے بہترین تحفہ نیز شفاخانہ رفیق حیات رجسٹرڈ کی دیگر تمام ادویات جلسہ سالانہ پر ہر دے سٹال گولبازار ربوہ سے خریدیں

سرمہ نور اور نورانی کاجل ہمیشہ خریدتے وقت شفاخانہ رفیق حیات رجسٹرڈ ٹرنک بازار سیالکوٹ کا لیبل غور سے پڑھ لیا کریں

جلسہ سالانہ کے ایام میں

شفاخانہ رفیق حیات رجسٹرڈ

ٹرنک بازار سیالکوٹ کے مجربات

ہمارے سٹال گولبازار ربوہ سے حاصل کریں

آپکی سہولت کیلئے

ایک اور پیشکش

یکم جنوری ۱۹۷۳ء سے

نیشنل ڈپازٹ سرٹیفکیٹ


GOVERNMENT OF PAKISTAN
NATIONAL DEPOSIT CERTIFICATE
Rs. 10
No. A 118001
SINGLE
JOINT A
JOINT S
Registration No.
Date of issue
Office of issue
*Strike out whichever is not applicable.
10

خریدنا آسان
رکھنا آسان
دس روپے پچاس روپے
سو روپے اور پانچ سو روپے
کے دستیاب ہیں۔

منافع
۱۴ فیصد سے زائد
سات سال میں رقم دوگنی

منافع بونس ڈپازٹ اکاؤنٹ حسب معمول ڈاکخانوں میں بھی رکھے جاتے رہیں گے۔

قومی بچت کے دفاتر اور ڈاکخانوں سے خریدے جاسکتے ہیں۔

نیشنل ڈپازٹ سرٹیفکیٹ

اپنے گھر بار کے لئے بچت کیجئے اپنے وطن کے لئے

جاری کردہ: سینٹرل ڈائریکٹریٹ آف نیشنل سیونگز۔ اسلام آباد

United CDNS A/72

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تاریخ احمدیت کی نئی جلد اور تفسیر سورۃ آل عمران و نساء کی پیشگی قیمت دے کر عنداللہ ماجور ہوں

ادارۃ المصنفین

ضروری اعلان

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور احباب کرام کے تعاون سے ترجمۃ القرآن بطرز جدید کے پہلے پانچ پاروں کے علاوہ مزید پانچ پارے از پارہ ششم تا دہم زیور طبع سے آراستہ ہو کر جلسہ سالانہ کے موقع پر منصہ شہود پر آ رہا ہے۔ ہدیہ آفسٹ پیپر مجلد کارڈ بورڈ طبع پارہ روپیہ مقرر ہے اور عمدہ کاغذ فی پارہ مبلغ دو روپے۔

پیشگی رقم دینے والے خریدار احباب جلسہ سالانہ پر اپنی جلدیں حاصل فرما لیں اگر کوئی دوست جلسہ سالانہ پر خود تشریف نہ لا سکیں تو کسی آنے والے دوست کے ہاتھ اپنا حصہ بھیج کر منگوا لیں۔

جلسہ سالانہ پر ادارہ ترجمۃ القرآن بطرز جدید کا دفتر شیخ شمس الحق صاحب ڈپو ہولڈر کی دکان گولبازار ربوہ پر ہوگا۔

(المعلن۔ عبدالرحمٰن مبشر رحمانیہ منزل بلاک جی ڈیرہ غازیخان)

ظفر انڈسٹریز

سٹین لیس سٹیل کے برتن بنانے والے
اسمری بھائیوں کا واحد ادارہ
مبارک پورہ متصل ریلوے پھاٹک سیالکوٹ

گیانی عباد اللہ صاحب

کی تازہ تصنیف

ہمارا نانک

جلسہ سالانہ کے مبارک موقعہ پر ربوہ کے سر
کتب فروش سے حاصل کیجئے۔ دو روپے
آفسٹ چھپائی قیمت عام کاغذ ۸/ روپے اعلیٰ کاغذ ۱۰/-

دلچسپ مکالمہ

اس میں ختم نبوت اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی آمد ثانی کے عقیدوں میں تضاد کے بارہ میں دلچسپ مکالمہ درج ہے۔

مخدومنا جناب چوہدری اسداللہ خان صاحب امیر جماعت احمدیہ لاہور فرماتے ہیں کہ:۔
"یہ کتاب بجا طور پر ایک تحقیقی مقالہ کی حیثیت رکھتی ہے۔"

مکرم مولوی عبدالرحمٰن صاحب مبشر فرماتے ہیں کہ یہ مکالمہ صرف دلچسپ ہی نہیں بلکہ مفید تر بھی ہے اور ٹھوس اور دل نشین دلائل کا مجموعہ ہے۔"

مکالمہ بہت عمدہ ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت مفید رہے گا تبلیغ کے لئے ایک نیا ہتھیار ہے۔ جس میں نئی طرز کی جدت ہے۔ سنجیدہ احباب کو پڑھا کر فریضہ تبلیغ ادا کریں۔ کتابت کاغذ وغیرہ عمدہ اور قیمت ۲/ روپے ہے۔

نصیر احمد چوہدری الائیڈ سائنٹیفک سٹور گنپت روڈ لاہور

لیکوریا کی بے مثال دوا

مائیران کیپسول گولیاں

رحم وغیرہ کا ورم اور زخم
لیکوریا۔ ایام کی تکلیف
استقاط۔ بانجھ پن۔ سوزاک۔ الیمیا
اور اعصابی کمزوری کیلئے مفید ہے

ملنے کا پتہ:۔
ڈاکٹر بشیر احمد گولبازار ربوہ

آپ کو

جلسہ سالانہ کا عزم مبارک ہو

ہمیشہ آپ کی خدمت میں سرگرم
حکیم نظام جان اینڈ سنز گوجرانوالہ ربوہ

بانجھ پن STERILITY

جناب میاں محمد عبداللہ صاحب چک ۷۸ جنوبی سرگودھا لکھتے ہیں:۔

"اہلیہ چوہدری رشید احمد صاحب کے ہاں شادی کو تین سال گزرنے کے اور مختلف علاجوں کے باوجود مرضیہ کی گود ہری نہ ہوئی۔ سٹیریلیٹی کیور

STERILITY CURE

استعمال کرنے سے اللہ تعالیٰ نے ان کا دامن امید بھر دیا۔ اور جملہ اندرونی عوارض سے بھی شفا بخشی۔ فالحمد للہ علی ذالک۔ قیمت مکمل کورس ۲۰ روپے۔

کیور ٹیومیڈیسن کمپنی رجسٹرڈ لاہور فون ۵۳۴۸۱ ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی ربوہ فون ۶۰۶

زد جام عشق

مقوی اعصاب اور اعصابی دردوں کو دور کر کے جسمانی طاقت بحال رکھتا ہے قیمت مکمل کورس پچیس روپے

اکسیر بواسیر

خونی بواسیر کے لئے بہترین دوائی
فی شیشی -/۵ روپے

مکان قابل فروخت

دارالرحمت غربی نزد رحمت بازار ربوہ میں ایک پختہ مکان نیا تعمیر شدہ رہنے کے قابل فروخت ہے۔ میٹریل نہایت عمدہ استعمال کیا گیا ہے۔ مکان دو حصوں میں ہے اور چھتیں R.C.C. پانی میٹا گیس بجلی لگی ہوئی ہے۔ خواہشمند احباب مجید اشرف سٹور گولبازار ربوہ فون نمبر ۳۰۵ سے رجوع کریں۔

کامیاب علاج۔ خالص مجرب ادویات

ہومیوپیتھک و بائیوکیمک ادویات

کتب پوٹنسیز گولیاں شیشیاں کارک اور ہر قسم کی ہومیو پیتھک ادویات لاہور کے نرخوں پر حاصل کریں۔ زبردست مجرب دوائیں مفت حاصل کیجئے۔

شاہ ہومیو پیتھک سٹور رحمت بازار ربوہ

اکسیر اٹھرا

جن کے بچے فوت ہو جاتے ہوں ان کے لئے اکسیر ہے۔ مکمل کورس ۲۴ روپے

جلسہ سالانہ پر ہمارے سٹال گولبازار ربوہ سے خریدیں

شفاخانہ رفیق حیات رجسٹرڈ وزیر آباد سیالکوٹ

بیکری کی عمدہ اشیاء

ڈبل روٹی۔ رس۔ کیک بند وغیرہ
انڈے اور پاؤ
خریدنے کے لئے احباب ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں

شیخ عبدالسلام پاؤ فروش گولبازار ربوہ

خالص شہد جلسہ کے موقع پر ہم سے خریدیں

المنار دواخانہ گولبازار ربوہ

ہمدرد لسوال جوڑ اٹھرا مرض اٹھرا کا بے نظیر علاج۔ مکمل کورس ۲۴ روپے تیار کردہ دواخانہ خدمت خلق رجسٹرڈ ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جلسہ سالانہ پر سپیشل گاڑیوں کے متعلق ضروری اعلان

راولپنڈی اور گجرات کی سپیشل گاڑیاں منسوخ کر دی گئیں دوبارہ اجراء کی کوشش کی جا رہی ہے

۱۹۷۲/۱۲ کے الفضل میں راولپنڈی، سیالکوٹ، نارووال، گجرات، جھنگ سے چلنے والی سپیشل گاڑیوں کی ابتدائی اطلاع شائع کی گئی تھی۔

افسوس ہے کہ آج ریلوے حکام نے راولپنڈی اسپیشل اور گجرات اسپیشل کو منسوخ کرنے کی اطلاع دی ہے۔ ان دونوں گاڑیوں کے دوبارہ اجراء کی کوشش ہو رہی ہے۔ مکرم امیر صاحب راولپنڈی اور مکرم امیر صاحب گجرات کو بذریعہ ٹیلیفون یا تار نتیجے سے آگاہ کر دیا جائے گا۔

۲۔ سیالکوٹ اور نارووال سے چلنے والی گاڑیاں مندرجہ ذیل سٹیشنوں پر ٹھہریں گی۔

	سیالکوٹ سپیشل			نارووال سپیشل	
	آمد	روانگی		آمد	روانگی
۱	سیالکوٹ	—	۰۹۱۵	نارووال	۰۹۳۰
۲	اگووکی	۰۹۲۵	۰۹۲۵	پیجووال	۰۹۴۱ ۰۹۴۳
۳	ساہووالہ	۰۹۴۱	۰۹۴۳	داؤد	۰۹۴۹ ۰۹۵۱
۴	سمبڑیال	۰۹۵۰	۰۹۵۲	رعیہ خاص	۰۹۵۹ ۰۹۵۸
۵	جگیووال	—	۱۰۰۲	بدو ملہی	۱۰۱۰ ۱۰۱۲
۶	سوہدرہ	—	۱۰۱۰	ملتہ سوجا	۱۰۲۳ ۱۰۳۳
۷	وزیرآباد	۱۰۲۵	۱۰۴۵	نارنگ	۱۰۴۳ ۱۰۵۳
۸	منصورووال	۱۱۰۲	۱۱۰۴	کالا خطائی	۱۱۰۸ ۱۱۱۸
۹	جامے چھٹہ	۱۱۱۷	۱۱۲۱	سرکار امپورہ	— ۱۱۳۳
۱۰	منیجر چھٹہ	—	—	کوٹ مول چند	— ۱۱۴۴
۱۱	علی پور چھٹہ	۱۱۴۲	۱۱۴۴	شادرہ	۱۲۰۰ ۱۲۲۵
۱۲	گاجر گولہ	۱۲۰۰	۱۲۱۴	حسن کالر	— ۱۲۳۶
۱۳	حافظ آباد	۱۲۳۱	۱۲۳۶	قلعہ ستار شاہ	— ۱۲۴۶
۱۴	کالیکے	۱۲۵۵	۱۲۵۷	چیچو کی ملیاں	۱۳۰۰ ۱۳۰۶
۱۵	سکھیکی	۱۳۱۸	۱۳۲۳	قلعہ شیخوپورہ	۱۳۱۷ ۱۳۲۰
۱۶	مزرعہ بلوچاں	۱۳۴۰	۱۳۵۱	چوڑکانہ	۱۳۳۷ ۱۳۳۸
۱۷	سانگلہ ہل	۱۴۰۳	۱۴۰۶	بہالیکے	۱۳۵۵ ۱۳۵۸
۱۸	سالارووالا	—	۱۴۲۰	ڈھاباں سنگھ	۱۴۱۱ ۱۴۱۳
۱۹	جاہیاں والا	—	۱۴۳۱	مرمن	۱۴۲۵ ۱۴۲۷
۲۰	ربوہ	۱۵۳۰		سانگلہ ہل	۱۴۳۹ ۱۴۴۱
				ربوہ	۱۶۰۰

ریلوے نے سیالکوٹ اسپیشل کے ساتھ نارووال سے آنے والی دو بوگیوں کی بھی اطلاع نہیں کی۔ لہٰذا مکرم امیر صاحب حیدرآباد ڈویژن میرپور خاص اور حیدرآباد سے لگنے والی بوگیوں کے متعلق اسٹیشن ماسٹر میرپور خاص اور اسٹیشن ماسٹر حیدرآباد سے دوبارہ اطمینان کر لیں۔

جھنگ کی سپیشل۔ جھنگ سے رات دس بجے کے قریب چلے گی تفصیلی اوقات ملنے پر مکرم امیر صاحب ضلع جھنگ کو پہنچا دیئے جائیں گے۔

(۱۶) ریلوے ہیڈ کوارٹرز نے تمام اسٹیشن ماسٹروں کو براہ راست ربوہ کے ٹکٹ جاری کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ اس لئے احباب ربوہ کے ٹکٹ ہی خریدیں۔

(۱۷)۔ دوران سفر اس بات کا جائزہ لیتے رہیں کہ کوئی مسافر بغیر ٹکٹ سفر نہ ہو۔

(۷) ربوہ پہنچنے پر ٹکٹ ریلوے / نصرت استقبال کے کارکنوں کو ضرور دے کر جائیں۔

(۱۸) امیر قافلہ سفر کے اختتام پر خاکسار کو رپورٹ دیں۔ دوران سفر احباب کو چوکس اور بیدار رہنے اور سامان کی حفاظت کرنے کی ہدایت بار بار کرتے رہیں۔

بشیر احمد
ناظم استقبال ربوہ

عالمی شہرت کے سیاستدان چوہدری سر ظفر اللہ خان کی خود نوشت سوانح حیات

تحدیث نعمت

بہت ہی عجیب کتاب جو پہلی مرتبہ منظر عام پر آئی ہے۔ چوہدری صاحب کے عمر بھر کے مشاہدات نصف صدی کی سیاست کا آئینہ تمام ملکی و سیاسی تحریکات کا البم، ایثار، خلوص، حق گوئی، ایمانی جوش اور غیبی تائیدات کے عجیب واقعات پاک و ہند کے کئی سیاسی رازوں کا انکشاف دنیا بھر کی سیر و سیاحت کی دلچسپ کیفیت

بین الاقوامی معلومات کی انسائیکلوپیڈیا

پوری کتاب ایمان افروز اور حق آموز بیانات سے بھری ہوئی ہے اسلوب تحریر سلیس انداز بیان اثر انگیز دلچسپ اس قدر کہ شروع کر کے ہاتھ سے نہیں چھوٹتی۔ تقطیع بڑی کاغذ آرٹ پیپر صفحات ۷۳۶ قیمت -/۱۵ روپے مجلد ۲۰ روپے۔

محمد احمد اکیڈمی ۱۸ ام گلی ۳ برانڈرتھ روڈ لاہور

میری والدہ

یہ جناب چوہدری سر ظفر اللہ خان صاحب کی وہ نہایت دلچسپ اور اسبق آموز کتاب ہے جو بڑی نفاست کے ساتھ چھٹی مرتبہ چھپی ہے۔ قیمت ڈیڑھ روپیہ۔

قابل فروخت ـــــ شاندار موقع

ربوہ شاہد کلاتھ مارکیٹ میں ایک فرنش دکان

ڈسپنسنگ کیمسٹ اینڈ ڈرگسٹ قابل فروخت ہے جس میں ایک پرائیویٹ میڈیکل پریکٹیشنر کام کر رہے ہیں مرکز میں بڑے ہی اچھے موقع پر کیمسٹ ڈرگسٹ اور پریکٹیس کیلئے شاندار موقع ہے۔ پروپرائٹر چونکہ لندن جانے والے ہیں اس لئے فروخت کرنا چاہتے ہیں خواہشمند حضرات موقع پر آکر بات کریں۔ پتہ: منصور میڈیکل ہال شاہد مارکیٹ وحدت بازار منڈی ایریا ربوہ ضلع جھنگ

جلسہ سالانہ کے موقع پر!

کراؤن بس سروس کی ۶ بسیں

ہر روز گوجرانوالہ سے ربوہ کے لئے چلا کریں گی گوجرانوالہ کی جماعت کی طرف سے وہاں ایک ٹینٹ لگے گا۔ اور باقاعدہ خدام موجود ہوں گے جو مسافروں کو بسوں میں بحفاظت سوار ہونے میں مدد دیں گے۔ احباب اس موقع سے فائدہ اٹھائیں اور صرف کراؤن بس سروس میں سفر کریں۔

(عبدالرشید منیجر کراؤن بس سروس گوجرانوالہ)

مکان برائے فروخت

ایک عدد کوٹھی نما مکان تین کمرے دو برآمدے باورچی خانہ۔ اسٹور پر مشتمل ہے سوئی گیس بجلی اور پانی کا انتظام ہے تمام مکان پختہ ہے۔ واقعہ دارالرحمت غربی ربوہ بازار اور ریلوے سٹیشن کے بالکل قریب۔ خواہشمند احباب درج ذیل پتہ پر رجوع کریں:

رشید ایاز۔ رحمت بازار ربوہ

کمیدان پراپرٹی ڈیلرز چوک نادا (عمر دین روڈ) وسن پورہ عنایت منزل لاہور

تعمیر مکانات سے متعلق مشورہ کے خواہشمند احباب کیلئے ضروری

اطلاع

احباب جماعت وقتاً فوقتاً اپنے مکانات کے ڈیزائن وغیرہ کے متعلق مشورہ کے لئے لندن مجھے لکھتے رہتے ہیں میں آجکل ربوہ میں مقیم ہوں میرا قیام جنوری کے پہلے ہفتہ تک یہاں رہے گا۔ جو احباب مشورہ کے خواہشمند ہوں وہ درج ذیل پتہ پر مل سکتے ہیں۔

عبدالرشید آرکیٹکٹ
معرفت ڈاکٹر شریف احمد صاحب دندان ساز دارالرحمت شرقی ربوہ

لندن کا پتہ 14 DAULT ROAD H. LONDON
E. W. 18